| Time | Narration |
|---|---|
| 00:00 | Mozilla Firefox (موزیلا فائرفوکس) کے اسپوکن ٹیوٹوریل میں آپ کا خیر مقدم ہے. |
| 00:04 | اس ٹیوٹوریل میں ہم سیکھیں گے -ٹیبڈ براؤزنگ، کنٹینٹ کو آف لائن سیو کرنا، پاپ -اپ روکنا (پاپ -اپ بلوکنگ) |
| 00:13 | اس ٹیوٹوریل میں ہم اوبنٹو 10.04 پر فائرفوکس ورژن 7.0 کا استعمال کریں گے. |
| 00:21 | موزیلا فائرفکس آپ کو ایک ہی براؤزر ونڈو میں مختلف ٹیبز میں مختلف ویب سائٹس کو لوڈ کرنے کی اجازت دیتا ہے. |
| 00:29 | ٹیبڈ ز براؤزنگ کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ کئی براؤزر ونڈوز کو ظاہر کرنے کی ضرورت کو ختم کرتا ہے. |
| 00:36 | اور اس لئے یہ آپ کے ڈیسک ٹاپ کو غیر ضروری چیزوں سے پاک رکھنے میں مدد کرتا ہے. |
| 00:40 | ہر ٹیب، ظاہر ہونے پر براؤزر کے مکمل نظر آنے والے حصے کا احاطہ کرتا ہے۔ |
| 00:45 | یہ کھُلے براؤزر ونڈو کے مسلسل سائز بدلنے اور کھسکانے کی ضرورت کو ختم کرتا ہے. |
| 00:52 | ٹیبڈ براؤزنگ، ٹائیلڈ ونڈو براؤزنگ سے کم میموری اور آپریٹنگ سسٹم کے وسائل کا استعمال کرتا ہے. |
| 01:00 | ہاں لیکن صارف نے بہت زیادہ ٹیبس نہ کھولیں ہوں۔ |
| 01:05 | مانیں کہ آپ ایک مخصوص ویب پیج پر ہیں. |
| 01:08 | یہاں لنک ہے. "Firefox for Desktop" - |
| 01:11 | آپ اس لنک کو ایک نئے ٹیب میں کھول سکتے ہیں. |
| 01:14 | یہ کرنے کے لئے لنک پر رائٹ کلک کریں. |
| 01:17 | کنٹیکسٹ مینو میں، 'Open link in new tab' پر کلک کریں. |
| 01:21 | آپ دیکھتے ہیں کہ اسی براؤزر ونڈو میں موجودہ ٹیب کی دائیں جانب ایک نیا ٹیب کھلتا ہے. |
| 01:28 | لہٰذا اپنے ونڈو کو بند کیئے بغیر یا ہٹائیے بغیر، آپ اسی ونڈو میں نیا ویب پیج کھول سکتے ہیں. |
| 01:34 | آپ File اور New Tab پر کلک کر کے بھی نیا ٹیب کھول سکتے ہیں. |
| 01:40 | اس کے لئے شارٹکٹ کیز ہیں. CTRL + T |
| 01:44 | یاد رکھیں کہ جب آپ نیا ٹیب کھولتے ہیں تو نیا ٹیب فوراً فعال ہو جاتا ہے. |
| 01:50 | اب URL bar (یوآرایل بار) پر جائیں اور 'www.google.com' ٹائپ کریں. |
| 01:56 | اب آپ کے پاس مختلف ویب پیجز کے ساتھ تین ٹیبز ہوں گے. |

| | |
|---|---|
| 02:01 | آپ دائیں ٹیب کی دائیں جانب کے '+' کے بٹن پر کلک کر کے بھی ایک نیا ٹیب کھول سکتے ہیں. |
| 02:08 | ہم اپنی ضروریات کے مطابق بھی ٹیبز کو منظّم کر سکتے ہیں. |
| 02:11 | ٹیب پر کلک کریں اور ماؤس بٹن کو چھوڑے بغیر، اسے مطلوبہ جگہ پر لے جائیں. |
| 02:17 | اب ماؤس بٹن کو چھوڑ دیں. |
| 02:20 | ٹیب اب مطلوبہ مقام پر ہے. |
| 02:23 | چلیئے کچھ بنیادی آپشنس دیکھتے ہیں جن کی موزیلا فائرفوکس ہمیں کرنے کی اجازت دیتا ہے. |
| 02:29 | چلیئے سرچ انجن "google" میں تبدیل کرتے ہیں. |
| 02:32 | سرچ بار میں، 'email wikipedia' ٹائپ کریں، اور سرچ بار کی دائیں جانب magnifying glass پر کلک کریں. |
| 02:40 | متعلقہ وکیپیڈیا پیج سرچ کا پہلا نتیجہ ہے. |
| 02:44 | لنک پر کلک کر کے اس پیج کو کھولیں. |
| 02:48 | اب File پر کلک کریں اور پھر "Save Page As" پر کلک کریں. |
| 02:52 | 'search.html' نام سے ڈیسک ٹاپ پر فائل کو محفوظ کریں. |
| 02:59 | اب File اور New Tab پر کلک کر کے براؤزر ونڈو میں نیا ٹیب کھولیں. |
| 03:05 | اب اس نئے ٹیب ونڈو میں اپنا save کیا ہوا پیج کھولیں. |
| 03:10 | File اور Open File پر کلک کریں. |
| 03:12 | براؤز کریں اور save کی ہوئی فائل کو کھولیں. |
| 03:17 | URL bar میں آپ دیکھتے ہیں کہ پتہ ایک انٹرنیٹ پتہ نہیں ہے، بلکہ آپ کے کمپیوٹر پر ایک مقامی لوکیشن ہے. |
| 03:25 | اب آپ اس پیج کو پڑھ سکتے ہیں، یہاں تک کہ جب آف لائن بھی ہوں. |
| 03:29 | Pop-ups وہ ونڈوز ہیں جو آپ کی اجازت کے بغیر ظاہر ہوتے ہیں. |
| 03:34 | فائرفوکس Preferences ونڈو میں Content tab (فہرست ٹیب) کے ذریعے سے ہمیں pop-ups اور pop-unders دونوں کو کنٹرول کرنے کی اجازت فراہم کرتا ہے. |
| 03:42 | ونڈوز میں، یہ آپشنس ونڈو میں ہوگا. |
| 03:46 | ڈیفالٹ طور پر، Pop-up بلوکنگ فعال ہوتی ہے. |

| | |
|---|---|
| 03:50 | Edit اور Preferences پر کلک کریں. |
| 03:52 | ونڈوز صارف Tools اور Options پر کلک کریں. |
| 03:56 | 'Content' ٹیب میں، ڈیفالٹ طور سے پہلا آپشن 'Block pop-up windows' منتخب کیا ہوا ہے. |
| 04:02 | اگر نہیں ہے تو اس آپشن کا انتخاب کریں. |
| 04:05 | اس ڈائیلاگ باکس کے مختلف آپشنس کے بارے میں ہم دوسرے ٹیوٹوریل میں بات کریں گے. |
| 04:11 | Close بٹن پر کلک کریں. |
| 04:13 | اب ہم ٹیوٹوریل کے اختتام کی طرف آ گئے ہیں. |
| 04:16 | یہاں ہم نے سیکھا. |
| 04:19 | براؤزنگ، کنٹینٹ کو آف لائن سیو کرنا، پاپ -اپ روکنا (پاپ -اپ بلوکگ ) |
| 04:25 | اب آپ کے لئے ایک مشق ہے۔ |
| 04:29 | ایک نیا ٹیب کھولیں. |
| 04:30 | سرچ انجن کو 'google' میں تبدیل کریں. |
| 04:33 | 'The history of email' کے لئے سرچ کریں. |
| 04:36 | پہلا نتیجہ محفوظ کریں اور ایک آف لائن دستاویز کی شکل میں دیکھنے کے لئے اسے نئے ٹیب میں کھولیں. |
| 04:43 | سرچ انجن کو 'bing' میں تبدیل کریں. |
| 04:46 | پھر سے، ' The history of email'" کے لئے سرچ کریں. |
| 04:49 | 'History of Email & Ray Tomlinson' کے لنک کو سیو کریں اور ایک آف لائن دستاویز کی شکل میں دیکھنے کے لئے نئے ٹیب میں کھولیں. |
| 04:58 | مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ویڈیو دیکھیں.<br>http://spoken-tutorial.org/What_is_a_Spoken_Tutorial |
| 05:02 | یہ اسپوکن ٹیٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ بیان کرتا ہے. |
| 05:04 | اگر آپ کے پاس اچھا بینڈوڈتھ نہیں ہے تو آپ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھ سکتے ہیں. |
| 05:09 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا عملہ اسپوکن ٹیوٹوریل کے ذریعے ورکشاپس کا انعقاد کرتا ہے. سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم سپوکن ٹیوٹوریل کا استعمال کر کے ورکشاپ بھی چلاتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| آن لائن امتحان میں کامیابی حاصل کرنے والوں کو سند تفویض کی جاتی ہے. ان کو سرٹیفکیٹس بھی دیتے ہیں جو آن لائن ٹیسٹ پاس کرتے ہیں. | 05:14 |
| مزید معلومات کے لئے، براہ مہربانی contact@spoken-tutorial.org پر رابطہ قائم کریں۔ | 05:18 |
| اسپوکن ٹیوٹوریل ٹاک ٹو اے ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے. | 05:25 |
| جسے حکومت ہند کی وزارت برائے انسانی وسائل و ترقی کے قومی تعلیمی مشن بذریعہ آئی سی ٹی کی حمایت حاصل ہے. | 05:29 |
| اس مشن پر مزید معلومات دی گئی لنک پر دستیاب ہے<br>http://spoken-tutorial.org/NMEICT-Intro. | 05:37 |
| اس اسکرپٹ کا ترجمہ صنوبر نشاط اور صدابندی میں نے یعنی وجاہت احمد نے کی ہے۔اِس سبق میں شامل ہونے کے لئے بہت شکریہ. | 05:48 |